CENTRAL LIBRARY
AHMADIYYA MOVEMENT IN ISLAM
10610 JANE ST.
MAPLE, ONTARIO LOJ 1E0

Second Class Mail
Registration No. 4980

ISSN 0229 - [illegible]

AHMADIYYA GAZETTE
Canada

1306 Wilson Ave Downsview (Ont) M3M 1H5
Phone (416) 249-3420

EDITOR: M.D. Shams MARCH-APRIL 1983 ASSIST. EDITOR: I.U. Mangla

An Extract from

COMMENTARY ON SURAH FATIHA

by The Promised Messiah

IN THE NAME OF ALLAH, MOST GRACIOUS, EVER MERCIFUL.

First title of the Surah.

The Surah (Chapter) Fatiha has many titles. The first of these is FATIHA-TAL-KITAB. It has been given this name because the Holy Quran opens with it. Every prayer service starts with it and in supplicating the Lord of lords, a beginning is made with it. It is so called because Allah, the Supreme, has made it an index for the Quran; and all the verities and spiritual insights set out in the Quran by Allah, the Bountiful, are embedded in it and it comprehends all that man needs to know concerning his origin and his end (life here and in the hereafter); for instance, all the reasoning in support of the Existance of the Creator, and the need of Prophethood and Khilafat among His servants. Its chief import is that it furnishes tidings concerning the time of the Promised Messiah and the days of the Promised Mahdi, a subject we propose to deal with by the grace of the Loving Allah, in its proper place. Also in the intelligence unfolded in this Surah there is an indication of the age of the contemporary world. We shall write about that also with the help of the divinely bestowed faculty.

PREDICTION OF AN ANCIENT PROPHET ABOUT FATIHA

This is the same Fatiha concerning which a prediction was made by one of the ancient Prophets. He said: I saw a mighty angel descend from heaven. In his hand was the Fatiha in the shape of a little book and by the command of the Almighty Lord his right foot came to rest on the ocean and his left foot on the earth and he called in a loud voice like the roaring of a lion. Seven thunder-claps issued forth from his mouth and from each was heard a pronouncement and it was commanded: Seal up the words announced by the thunder-claps and inscribe them not. Thus said the Loving Lord. The descending angel swore by the Ever-Living One Whose light has illumined the face of the seas and the habitations, that there will not dawn an age greater in glory than that age. Commentators of the Holy Quran are agreed that that age is the age of the Promised Messiah. That age has already dawned and the seven voices have issued forth from the seven verses of the Fatiha. This age is the apex in respect of goodness and guidance and there never will be a period of comparable glory and grandeur. After my departure from this world, there will appear no Messiah till doomsday, neither descending from the heavens nor emerging from a cave, except the one from among my progeny about whom the word of my Lord has already gone forth. This indeed is the truth

(continued on page 9)

CENTRAL LIBRARY
AHMADIYYA MOVEMENT IN ISLAM

CONDITIONS FOR ACCEPTANCE OF PRAYER

Roohani Khaza'in: The Promised Messiah alaihis-salatu wassalam says:

So far as God Almighty has bestowed upon me the knowledge of prayer I conceive that there are three conditions for the acceptance of prayer.

Firstly, a supplicant should be perfectly righteous, for only that one is acceptable to God Almighty who makes righteousness his habit and adheres firmly to all the paths of righteousness and who is trustworthy and pious and true in his promises and is filled with the personal love of God.

Secondly, his resolve and attention should be so firm and strong that he should be ready to lay down his own life for the revival of another and should be ready to enter himself into the grave to pull another out of it. His accepted servants are dearer to God Almighty than an only child, who is also handsome, is dear to its mother. When God, the Merciful and Benevolent, sees that one who is accepted of Him and is true to Him has, for the sake of saving the life of another, subjected himself to spiritual labours and disciplines to a degree that his own life is in danger, He finds it disagreeable that He should let him perish in that condition. Then for his sake He forgives the sin in respect of which the other person had been seized. If he is afflicted with a fatal disease or is in the grip of some other calamity, then by His power He creates means for his deliverance. Very often it happens that He is determined to ruin or destroy a person, but through the latter's good luck someone who has a good standing before God intervenes with his earnest supplications so that the record that had been prepared and completed for his chastisement has to be destroyed, for the matter now is transferred from being concerned with a stranger to being concerned with a friend. It cannot happen that God would put His friend to trouble.

Thirdly, there is a condition which is more difficult to comply with than all other conditions, inasmuch as compliance with it is not in the hands of those who are accepted of God, but is in the hands of the person who desires to have a supplication made on his behalf. That condition is that he should be desirous of supplication being made for him with the utmost sincerity and in perfect trust and certainly and perfect goodwill and submission. He should decide in his heart that even if the supplication is not accepted this would not affect his trust and goodwill. His request for supplication should not be as a trail but should be made in full trust. He should fall most humbly at the door of the person from whom he is seeking supplication and, so far as it is possible for him, he should establish a close relationship with him by spending his money and rendering service and every obedience whereby he should enter his heart. Along with all this he should think well of him and should regard him as possessing righteousness of the highest degree and should regard it as disbelief to entertain a single thought inconsistent with his holy estate. He should prove his full belief in him through every kind of sacrifice. He should not regard any other in the world as his equal and should be devoted to him so much as to be ready to lay down his life and his property and his honour for him and should neither utter nor let his heart entertain anything derogatory of him from any point of view. He should establish it to his satisfaction that he believes full in him and is his follower. With all this he should wait with patience and even if he should be frustrated fifty times in achieving his objective, he should not let his belief and goodwill be affected in any manner. Such people have very delicate sensibilities and they can conclude from a person's countenance the degree of his sincerity. They are tender-hearted, yet they are self-sufficient. They have no regard for any arrogant, selfish and hypocritical person. Only those people can derive any benefit from them who obey them to a degree where they are ready to lay down their lives for them. A person who thinks ill of them at every step and entertains objections in his heart and lacks full love and goodwill derives no benefit from them and only ruins himself (Zameema Braheen Ahmadiyyah, Part V, pp. 66-68).

HAZOOR'S KHUTBA

CALLING TO THE WORD OF ALLAH: In his Friday sermon of January 28,1983, Hazrat Khalifatul Masih IV drew the attention of Ahmadi Muslims to an important aspect of their activities. He recited the following verse of the Holy Quran:

> And who is better in speech than he who invites to Allah and does righteous deeds and says: I am, surely, of those who submit (41:34).

Ahmadi Muslims must furnish a practical proof of their being a community who call everyone to God. This they have to do in the first instance by their good deeds. It is the actions that lead the way to paradise: spending their belongings and sacrificing their lives for the sake of God.

Financial sacrifice is not the only thing that matters. It is important to devote one's time also in the cause of God. Offering financial contributions but refraining from spending time for Islam makes one a lame Ahmadi.

Hazrat Khalifatul Masih IV called upon all Ahmadi Muslims to make a pledge that they would from now on become "Da'ai il-lallah", i.e. those who call mankind to the message of Allah. They should actively get involved in the act of conveying to others the message of Islam. We should also pray to God fervently so that our efforts may be blessed with success.

Tabligh work could not be accomplished by just two hundred or three hundred missionaries until every Ahmadi Muslim becomes a missionary. "Many people write to me asking to pray for them for a number of purposes.I should be more pleased to hear also from such persons the pledge that they have taken upon themselves the duty of calling to the message of Allah". If they mention this also in their letters, the Hazrat will pray for them with greater fervour, and his prayers will be more efficacious. It is,therefore, important that everyone of us becomes "Da'ai il-lallah".

FIRST STEP TO BECOME "DA'AI IL-LALLAH"

* TABLIGH DAY IN BRAMLEA *

BRAMLEA (ONTARIO): Bramlea Jamaat celebrated 'Tabligh Day' on March 19,' 1983 by carrying the message of Islam and Ahmadiyyat to hundreds of Saturday shoppers in the Bramlea City Center. The leaflets, titled 'WHAT IS AHMADIYYAT', were provided by the Mission. Besides local members of Bramlea Jamaat, Missionary Incharge M.D.Shams, secretary Tabligh Muhammad Isa Jan Khan and Br. Abdur Rashid Lateef from Downsview (Toronto) also participated. Lajna members of Bramlea Jamaat took part by folding the leaflets at home.

Inspite of the fact that it was a windy day and there was a heavy downpour, by the Grace of God Almighty,sixteen participants were able to distribute about 600 leaflets to the public. Despite their wet clothes,two young children of Br.Moeen Janjua distributed the leaflets very enthusiastically. Six hundred leaflets were delivered to private homes the same day, while 400 were delivered the next day. May Allah enable all the jamaats to observe such Tabligh Days.

TEHRIK-E-JADEED PLEDGES

In response to the Divine Scheme of Tehrik-e-Jadeed which aims to enhance the propagation of Islam and activate the efforts of the members in presenting extra-ordinary sacrifices in the cause of Allah, we publish here the names of the members of Canada Jamaat who have made pledges towards this scheme for 1982-83 in Saf-e-Awwal and Saf-e-Dom (first category and second category), respectively. May Allah shower His Blessings on all the members.

Muneerud Din Shams.

SAF-E-AWWAL (First Category)

No.	MEMBER'S NAME	AMOUNT PLEDGED	NO.	MEMBER'S NAME	AMOUNT PLEDGED
1	Basheer Ahmad Shad, Sudbury	$750.00	2	Syed Shahab Ahmad, Saskatoon	$535.00
3	Qureshi Haleem Ahmad, Montreal	$500.00	4	Abdul Bari Ahmad, Calgary	$400.00
5	Raja Basit Ahmad, Calgary	$380.00	6	Barkat Ilahi Janjua, Montreal	$375.00
7	Majid Ahmad Qureshi, Montreal	$375.00	8	Usama Saeed, Montreal	$375.00
9	Azeez Ullah, Montreal	$375.00	10	Riaz Qadeer Ahmad, Montreal	$360.00
11	Habibullah Tariq, Toronto	$375.00	12	Chaudhary Khalil Ahmad, Toronto	$360.00
13	M.Danial Khan, Newmarket	$360.00	14	Anisa Danial Khan, Newmarket	$360.00
15	Haris Danial Khan (Tifl)	$360.00	16	Mirza Mubarak Ahmad, Toronto	$360.00
17	Waheeda Mirza, Toronto	$360.00	18	Dr.Syed Shahid Ahmad, Sudbury	$360.00
19	Syed Khalid Ahmad, MONTIETH	$360.00	20	Dr.Naeem Ahmad, London	$360.00
21	Dr.Khalifa Abdul Momin, GlaceBay	$360.00	22	Khalifa Abdul Aziz, Toronto	$360.00
23	Mustafa Sabet, Bramlea	$500.00	24	Amtul Hafiz Husain, Toronto	$360.00

SAF-E-DOM (Second Category)

No.	MEMBER'S NAME	AMOUNT PLEDGED	NO.	MEMBER'S NAME	AMOUNT PLEDGED
1	Sheikh Basheer A Khalid, Toronto	$250.00	2	Malik Masood Ahmad, Toronto	$250.00
3	Prof. I.U.Mangla, Toronto	$250.00	4	M. Ilayas Khan, Toronto	$180.00
5	Muhammad Isajan Khan, Toronto	$180.00	6	M. Yahya Khan, Toronto	$180.00
7	M. Hizkeel Khan, Toronto	$180.00	8	Syed Hasnat Ahmad, Toronto	$180.00
9	Syed Sharif Ahmad, Toronto	$180.00	10	Muhammad Yusuf Khan, Toronto	$180.00

THE ANNUAL CONFERENCE

The sixth ANNUAL CONVENTION of Canada Jamaat will, INSHALLAH be held in Toronto on July 30-31, followed by the National Shoora on August 1,1983. This type of annual gatherings are beneficial for all those who want to imbibe true knowledge and practical training of Islamic tenets. As the Promised Mesiah announced under divine command the holding of this type of annual gatherings, he translated the true spirit of Islam into action.

Allmembers of the jamaat should plan accordingly to attend this convention and are requested to pay their subscription for annual convention (one tenth of their monthly chanda). Those members needing accomodation to be arranged by the jamaat should send the details of their requirements by June 15 to the missionary incharge. Prayers are also solicited for the success of the convention.

****

(contd. from page 6) ...

For which lajna members should try to learn as many languages as possible. He also asked them to give as much pledges as possible towards Tehrik-e-Jadeed and be in the list of Saf-e-Awwal and Saf-e-Dom by pledging more than $360 and $180, respectively.

Later on, he answered several questions regarding the role of women in Islam and pardah, for which at the end he played a cassette recorded tape of Hazoor's view about pardah.

خطبہ جمعہ

جماعت احمدیہ کو ظاہر اور باطن ہر دو پہلوؤں کے لحاظ سے اپنی نمازوں کی حفاظت کرنی چاہئے

نمازوں کا قیام اور ان کا استحکام گھروں سے شروع ہوتا ہے۔ اس کے لئے اہل و عیال اور اگلی نسلوں کو نماز کا عادی بنانا ضروری ہے

میں تمام احمدی گھروں کو یہ تلقین کرتا ہوں کہ وہ بڑی ہمت اور جد و جہد کیساتھ نمازی پیدا کرنیکی کوشش کریں

صدرانِ محلہ جات اور زعماء انصار اللہ گھروں میں جائیں اور جو نمازوں سے غافل ہیں انہیں سمجھائیں اور نماز باجماعت کا عادی بنائیں

جماعتی زندگی کے اس موڑ پر اگر ہم نے نمازوں کی حفاظت نہ کی تو خطرہ ہے کہ آئندہ بے نمازی پیدا ہونے شروع نہ ہو جائیں

فرمودہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
بتاریخ ۱۹ رنبوت ۱۳۶۱ہش مطابق ۱۹ رنومبر ۱۹۸۲ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ
مرتبہ:- مکرم بشیر احمد اختر صاحب رکن صیغہ زود نویسی ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے سورۃ مریم کی مندرجہ ذیل آیات پڑھیں۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ز اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۚ وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ص وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ○

(آیت ۵۵ - ۵۶)

اور پھر فرمایا۔

عبادت وہ مقصد ہے جس کے لئے، قرآن کریم کے بیان کے مطابق، سب جن و انس کو پیدا کیا گیا۔

عبادت کے متعلق عموماً یہ خیال پایا جاتا ہے کہ اسکا تعلق محض حقوق اللہ سے ہے اور بعض

کھوکھلی اور سطحی سوچ

رکھنے والوں نے یہ اعتراض بھی کیا کہ اللہ تعالیٰ نے تو صرف اپنی خاطر، اپنے سامنے جھکانے کے لئے بنی نوع انسان کو پیدا کیا ہے۔ اس سے ہمیں کیا فائدہ؟ یہ گویا ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی خود غرضی ہے۔ لیکن امر واقعہ یہ ہے کہ اگر عبادت کے مفہوم کو حقوق اللہ کے طور پر بھی دیکھا جائے تب بھی تمام تر فائدہ ان بندوں کا ہے جو عبادت کرتے ہیں۔ لیکن دراصل عبادت محض حقوق اللہ کا نام نہیں ہے۔ عبادت میں حقوق العباد بھی شامل ہیں۔ چنانچہ وہ نماز جو ہمیں عبادت کے طور پر سکھائی گئی وہ

حقوق اللہ اور حقوق العباد کا ایک سنگم

ہے۔ اسمیں اللہ کے حقوق بھی سکھائے گئے ہیں اور بندے کے حقوق بھی بتائے گئے ہیں۔ فرمایا اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ (العنکبوت آیت ۴۶) نماز کا یہ پہلو کہ یہ فحشا اور منکر سے بچاتی ہے، یہ خالصتاً بندوں ہی کے حقوق ہیں، جو نماز سکھاتی ہے۔

جہاں تک حقوق اللہ کا تعلق ہے عبادت کا مفہوم یہ ہے کہ انسان اپنے رب کی پیروی کرے۔ عبد اس غلام کو کہتے ہیں جو آقا کے تابع ہو جائے۔ اس کا اپنا کچھ نہ رہے۔ سب کچھ اس کے مالک کا ہو اور وہ اس کے پیچھے پیچھے چلے۔ اور یہ جو مضمون ہمیں سکھایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا رنگ اختیار کرو اور اس کی صفات اختیار کرو، یہی دراصل عبادت کا مفہوم ہے۔ کلیتہً اپنے رب کے پیچھے چلنا اور ایک اعلیٰ ذات کی نقل کرنا ان معنوں میں کہ اس کی صفات کا رنگ آہستہ آہستہ اس کے وجود پر چڑھنے لگے، یہ ہے عبادت کا مفہوم۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایک اعلیٰ نمونے کے پیچھے چلا جائے تو اس نمونے پر چلنے والے ہی کا فائدہ ہوتا ہے، نہ کہ اس نمونے کا جس کے پیچھے چلا جاتا ہے۔ دنیا کے سامنے ماڈل پیش کئے جاتے ہیں تاکہ لوگ اس ماڈل کیمطابق ڈھلنے کی کوشش کریں۔ لیکن اس سے اُس ماڈل کو کیا فائدہ؟ فائدہ تو اس کو ہوتا ہے جو اس ماڈل کے پیچھے چل کر اپنی تزئین کرتا ہے، اپنی بدیاں دور کرتا ہے اور اپنے اندر نیا حسن پیدا کرتا ہے۔

پس

عبادت کا مفہوم یہ ہے

کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو اور اس ذکر کو اپنے اعمال میں ڈھالنے کی کوشش کرو۔ جب اسکو رحمٰن کہو تو خود رحمانیت کے تقاضے پورے کرنیکی کوشش کرو۔ جب اس کو رحیم کہو تو خود رحیم کا مظہر بننے کی کوشش کرو۔ جب اس کو قادر کہو تو اپنی قدرتیں بڑھانے کی طرف توجہ دو۔ اور وہ صلاحیتیں جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں عطا فرمائی ہیں ان کو اور چمکاؤ۔ غرضیکہ صفات باری تعالیٰ کا مضمون جتنا زیادہ انسان پر روشن ہوتا چلا جائے اتنا ہی زیادہ وہ عبادت کا اہل بنتا چلا جاتا ہے اور عبادت کے مقصد کو حاصل کرنیوالا بنتا ہے

پس یہ تصور کہ خدا نے اپنی خاطر، بنی نوع انسان کو پیدا کرکے انکے بڑوں اور چھوٹوں کو اپنے سامنے جھکا دیا، محض ایک لغو تصور ہے۔ کیونکہ اس میں خدا کا کوئی فائدہ تجویز نہیں کیا جا سکتا۔

ہاں عبادت

ایک دائمی ترقی کا پیغام

ہے۔ ایک ایسی ترقی جس کا کوئی منتہا نہیں۔ کیونکہ عبادت میں جس ذات کو پیش نظر رکھ کر اُس کی تعلیم دی گئی اس ذات کی کوئی حد نہیں۔ نہ کمیت میں اس کی حد بندی کی جا سکتی ہے، نہ کیفیت میں، نہ وقت میں اور نہ ہی شش جہات کے لحاظ سے۔ تو ایک ایسی ذات جسکی کوئی حد نہ ہو، اس کی پیروی کی تعلیم دینا، لامتناہی ترقیات کی طرف دعوت دینا ہے۔ اور اس پہلو سے بھی عبادت بندے ہی کو فائدہ پہنچاتی ہے۔ پھر ایک اَور پہلو سے بھی عبادت بندوں ہی کے فائدہ کے لئے ہے کہ جب انسان اپنے رب کا رنگ اختیار کرتا ہے تو نتیجۃً اس کے بندوں پر زیادہ مہربان ہوتا چلا جاتا ہے۔ اور ان کے حقوق پہلے سے بھی زیادہ بڑھ کر ادا کرنے لگتا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم جو کامل اسوہ بنائے گئے وہ اسی طریق

Second class mail
Registration No: 4980
ISS No: 0229-5644

CENTRAL LIBRARY
AHMADIYYA MOVEMENT IN ISLAM
10610 JANE ST.
MAPLE, ONTARIO L6A

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

ایڈیٹر: منیر الدین شمس

ماہنامہ احمدیہ گزٹ
ٹورانٹو کینیڈا

Tel: 416-249-3420

مارچ اپریل ۱۹۸۳ء | امان/شہادت ۱۳۶۲ ہش | جمادی الثانی رجب ۱۴۰۳ھ ق

حضرت مصلح موعود کی جماعت احمدیہ کو قیمتی نصیحت:

خوب یاد رکھو تمہاری ترقیات خلافت سے وابستہ ہیں

افراد مریں گے، مشکلات آئیں گی مگر جماعت کبھی تباہ نہیں ہوگی

حضرت مصلح موعود کا ایک اہم ارشاد:

"...... جب یہ اس کا قائم کردہ سلسلہ ہے تو یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ میری موت کا وقت آجائے اور دنیا یہ کہے کہ مجھے اپنے کام میں کامیابی نہیں ہوئی۔ میری وفات خدا تعالیٰ کے منشاء کے مطابق اس دن ہو گی جس دن میں خدا تعالیٰ کے نزدیک کامیابی کے ساتھ اپنے کام کو ختم کر لوں گا اور حضرت (اقدس ...... ناقل) کی وہ پیشگوئیاں پوری ہو جائیں گی جن میں میرے ذریعہ سے اسلام اور احمدیت کے غلبہ کی خبر دی گئی ہے اور وہ شخص بالکل عدم علم اور جہالت کا شکار ہے جو ڈرتا ہے کہ میرے مرنے سے کیا ہوگا؟ حضرت (اقدس ...... ناقل) نے فرمایا کہ میں تو جاتا ہوں لیکن خدا تعالیٰ تمہارے لئے قدرت ثانیہ بھیج دے گا مگر ہمارے خدا کے پاس قدرت ثانیہ ہی نہیں اس کے پاس قدرت ثالثہ بھی ہے اور اس کے پاس قدرت رابعہ بھی ہے قدرت اولیٰ کے بعد قدرت ثانیہ ظاہر ہوئی۔ اور جب تک خدا اس سلسلہ کو ساری دنیا میں پھیلا نہیں دیتا اس وقت تک قدرت ثانیہ کے بعد قدرت ثالثہ آئے گی اور قدرت ثالثہ کے بعد قدرت رابعہ آئیگی قدرت رابعہ کے بعد قدرت خامسہ آئے گی اور قدرت خامسہ کے بعد قدرت سادسہ آئے گی اور خدا تعالیٰ کا ہاتھ لوگوں کو معجزہ دکھاتا چلا جائے گا۔ اور دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی طاقت اور زبردست سے زبردست بادشاہ بھی اس سکیم اور منصوبہ کے راستہ میں کھڑا نہیں ہو سکتا جو اس مقصد کے پورا کرنے کے لئے اس نے حضرت (اقدس ...... ناقل) کو پہلی اینٹ بنایا۔ اور مجھے اس نے دوسری اینٹ بنایا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دفعہ فرمایا کہ دین جب خطرہ میں ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کے لئے اہل فارس میں سے کچھ افراد کھڑا کریگا حضرت (اقدس ...... ناقل) ان میں سے ایک فرد تھے اور ایک فرد میں ہوں لیکن رجال کے ماتحت ممکن ہے کہ اہل فارس میں سے کچھ اور لوگ بھی ایسے ہوں جو دین اسلام کی عظمت قائم رکھنے اور اس کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کے لئے کھڑے ہوں۔"

(الفضل ۲۲ ستمبر ۱۹۵۶ء صفحہ ۶-۷)

حضرت مصلح موعود کی جماعت احمدیہ کو قیمتی نصیحت

"تم خوب یاد رکھو کہ تمہاری ترقیات خلافت کے ساتھ وابستہ ہیں اور جس دن تم نے اس کو نہ سمجھا اور اسے قائم نہ رکھا وہی دن تمہاری ہلاکت اور تباہی کا دن ہوگا۔ لیکن اگر تم اس کی حقیقت کو سمجھے رہو گے اور اسے قائم رکھو گے تو پھر اگر ساری دنیا مل کر بھی تمہیں ہلاک کرنا چاہے گی تو نہیں کر سکے گی ...... بے شک افراد مریں گے مشکلات آئیں گی۔ تکالیف پہنچیں گی مگر جماعت کبھی تباہ نہ ہوگی۔ بلکہ دن بدن بڑھے گی۔ اور اس وقت تم میں سے کسی کا ...... مرنا ایسا ہی ہوگا جیسا کہ مشہور ہے کہ اگر ایک دیو کٹتا ہے تو ہزاروں پیدا ہو جاتے ہیں۔ تم میں سے اگر ایک مارا جائے گا تو اس کی بجائے ہزاروں اس کے خون کے قطروں سے پیدا ہو جائیں گے۔" (درس القرآن صفحہ ۷۳)

اسی طرح ۱۹۴۷ء کے پر آشوب دنوں میں ایک انتہائی اہم پیغام میں فرمایا۔

"خلافت زندہ رہے۔ اور اس کے گرد جان دینے کے لیے ہر مومن آمادہ کھڑا ہو ......

...... میرا یہ پیغام باہر کی جماعتوں کو بھی پہنچا دو اور انہیں اطلاع دو کہ تمہاری محبت میرے دل میں ہندوستان کے احمدیوں سے کم نہیں تم میری آنکھ کا تارا ہو۔ میں یقین رکھتا ہوں کہ جلد سے جلد اپنے ملکوں میں احمدیت کا جھنڈا گاڑ کر آپ لوگ دوسرے ملکوں کی طرف توجہ دیں گے۔ اور ہمیشہ خلیفہ وقت جو ایک وقت میں ایک ہی ہو سکتا ہے کے فرمانبردار رہیں گے اور اس کے حکموں کے مطابق اسلام کی خدمت کریں گے۔"

(تاریخ احمدیت جلد ۱۱ صفحہ ۲۳۱-۲۳۲)

بوساطت: مولوی دوست محمد صاحب شاہد

"جب بھی انتخاب خلافت کا وقت آئے اور مقررہ طریق کے مطابق جو بھی خلیفہ چنا جائے میں اس کو ابھی سے بشارت دیتا ہوں کہ اگر اس قانون کے ماتحت وہ چنا جائے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ہوگا اور جو بھی اس کے مقابل میں کھڑا ہوگا وہ بڑا ہو یا چھوٹا ہو ذلیل کیا جائے گا اور تباہ کیا جائے گا کیونکہ ایسا خلیفہ صرف اس لئے کھڑا ہوگا کہ حضرت (اقدس ...... ناقل) اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس پیشگوئی کو پورا کرے کہ خلافت حقہ اسلامیہ ہمیشہ قائم رہے۔ پس چونکہ وہ قرآن اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت (اقدس ...... ناقل) کی باتوں کو پورا کرنے کے لئے کھڑا ہوگا اس لئے اسے ڈرنا نہیں چاہیئے۔"

(خلافت حقہ اسلامیہ صفحہ ۱۸)

پر کامل اسوہ ٹھہرے کہ اپنے

رب کی تمام صفات

کو اپنی ذات کے ہر پہلو میں اس طرح جذب کر لیا کہ گویا آپ خدا نما وجود بن گئے۔ ایک ایسا خدا نما وجود جس کا تصور بھی پہلے انسان کیلئے ممکن نہیں تھا۔ تب وہ بندوں پر مہربان ہوئے جیسا کہ فرمایا بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (التوبہ: ۱۲۸) اور سارے عالمین کے لئے رحمت بن گئے جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (الانبیاء آیت: ۱۰۸)

چنانچہ جب بندے کو خدا کی صفات عطا ہو جائیں تو پھر خدا تعالیٰ اس کے ہاتھ میں بندوں کی تقدیر دے دیا کرتا ہے۔ اسی مضمون کو بیان کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ کوئی نبی خدا کی صفتِ مالکِ یوم الدّین کا اس طرح مظہر نہیں بنا ان معنوں میں کہ خدا نے اس کو مالکیت عطا فرمائی ہو جس طرح حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم۔ کیونکہ آپ کامل طور پر اسی طرح خدا کے ہو گئے کہ خدا کی مخلوق پھر کامل طور پر آپ کے سپرد کر دی گئی۔ اور ان معنوں میں آپ مالکِ یوم الدین بنائے گئے۔

پھر اسی مضمون کو جب آگے چلا کر دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے دن

شفاعت کرنے والا وجود

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کا ہے اور اس لیے آپ کو شفاعت کے لائق ٹھہرایا گیا کہ اس دنیا میں آپ مالک بننے کے اہل قرار دیئے گئے تب اس دنیا میں بھی آپ کو شفاعت کا حق دیا گیا۔ کیونکہ بغیر کسی استحقاق کے بخشش کا تصور مالکیت کے سوا ممکن نہیں۔ اور وہ وجود جو اپنے رب اپنے مالک کے سب سے زیادہ قریب تھا وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم ہی تھے۔

پس جتنا زیادہ کوئی عبادت کرتا چلا جائے، اگر وہ صحیح معنوں میں اور حقیقت میں عبادت کرتا ہے، تو اتنا ہی زیادہ وہ بندوں کے حقوق ادا کرنے والا بن جاتا ہے اور جتنا زیادہ عبادت سے غافل ہو اتنا ہی غاصب ہوتا چلا جاتا ہے اور اتنا ہی زیادہ وہ سوسائٹی کے لیے دُکھ کا موجب بنتا چلا جاتا ہے۔ یہ ہے عبادت کا حقیقی مفہوم جو قرآن کریم پیش کرتا ہے۔ اس پہلو سے اگر غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ عبادت

تمام نیکیوں کا سرچشمہ

ہے خواہ وہ حقوق اللہ سے تعلق رکھتی ہوں یا حقوق العباد سے تعلق رکھتی ہوں۔ اور تمام بدیاں اس سرچشمے سے بے تعلقی کا نام ہے۔ جتنا اس سرچشمے سے منہ موڑو گے۔ اور علیحدگی اختیار کرو گے اتنی ہی بدیاں پیدا ہوتی چلی جائیں گی۔ یہ نتیجہ انسانی زندگی کا خلاصہ ہے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بہت سے عبادت کرنے والے بھی بدیوں میں مبتلا نظر آتے ہیں۔ بہت سے عبادت کرنے والے بھی ایسے دکھائی دیتے ہیں جو بندوں کے حق چھینتے ہیں اور ان پر ظلم کرتے ہیں اور ان سے رحم اور شفقت کا سلوک کرنے کی بجائے ان سے ظلم اور تعدی کا سلوک کرتے ہیں۔ تو یہ کیسی عبادت ہے۔ جس نے ان کو وہ صفات عطا نہیں کیں جو،

قرآن کریم دعویٰ کرتا

ہے کہ عبادت کرنے والے بندوں میں پیدا ہو جایا کرتی ہیں۔ اس مضمون کو وضاحت کے ساتھ بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ دوسری جگہ ایسے لوگوں کے متعلق فرماتا ہے۔

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۙ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ۔

(الماعون آیت: ۵ تا ۸)

کیسی عجیب بات ہے کہ سارے قرآن میں نماز اور نمازی کی تعریف ملتی ہے لیکن یہاں پہنچکر قرآن کریم کے بیان میں اس تعریف سے ایک عجیب انحراف ملتا ہے۔ یعنی یہ کہنے کی بجائے کہ ان پر خدا تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں اور سلامتیاں ہوں، قرآن کریم فرماتا ہے فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ نماز پڑھنے والوں کے لیے ہلاکت ہو۔ اور وہ کون سے نماز پڑھنے والے ہیں؟ فرمایا اَلَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ یعنی جو نماز کے مفہوم سے غافل ہو کر نماز پڑھتے ہیں اور نماز کے حقوق ادا کرنے کی بجائے نماز کو

دکھاوے کا ذریعہ

بنا لیتے ہیں۔ اَلَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ۔ وہ بے شک نمازیں پڑھتے ہیں۔ مسجدیں بھی آباد ہوتی ہیں، وہاں نماز پڑھتے ان کی تصویریں بھی کھینچی جاتی ہیں۔ وہاں بڑے بڑے جُبّہ پوش بھی پہنچتے ہیں جو اس طرح تکبر سے سوسائٹی میں پھرتے ہیں کہ گویا اب صرف وہی خدا کے ولی اور اس کے فضلوں کے وارث بن چکے ہیں اور ان کے سوا کوئی اور عزت کے لائق ہی نہیں رہا۔ ایسے لوگوں کا مقصد محض نمائش، محض دکھاوا اور محض اپنے نفس کی بڑائی کا اظہار ہوتا ہے۔ ایسے نمازیوں کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا بلکہ ان کے متعلق فرماتا ہے کہ ان کے لیے ہلاکت ہے اور اس کے سوا ان کے لیے اور کچھ نہیں۔ اور ساتھ ہی ان کی ریاکاری کا ثبوت یہ پیش فرماتا ہے اور ان کی نماز کے بے حقیقت ہونے کی دلیل یہ دیتا ہے يَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ کہ یہ ایسے لوگ ہوتے ہیں جو بنی نوع انسان کا حق ادا نہیں کرتے اور چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھی خساست کا نمونہ دکھاتے ہیں۔ غرض جب ان کے سامنے اگر بھوکے مر رہے ہوں تو ان کو اس کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی۔ یہاں تک کہ ہمسایہ کوئی چھوٹی سی چیز بھی مانگنے کے لیے آجائے تو اس کو رد کر دیتے ہیں۔

ہمسائیگی کے ادنیٰ حقوق

بھی ادا نہیں کر سکتے۔

ان آیات میں خدا تعالیٰ نے اس نماز کا نقشہ کھینچا ہے جو دونوں جہات سے عاری ہے۔ نہ حقوق اللہ کو ادا کر رہی ہے اور نہ ہی حقوق العباد کو۔ اور درحقیقت یہ ایک ہی چیز کے دو نام بن جاتے ہیں۔ یہاں پہنچکر نماز مجمع البحرین ہو جاتی ہے یعنی ایک پہلو سے کہا جا سکتا ہے کہ یہ حقوق اللہ ہے اور دوسرے پہلو سے یہ حقوق العباد نظر آتی ہے۔ تو فرمایا کہ یہ لوگ خدا کی یاد سے غافل ہو کر دکھاوے کی نماز پڑھتے ہیں۔ اور جو خالق کی یاد سے غافل ہو کر نماز پڑھے وہ مخلوق کی ضروریات سے بھی غافل ہو جایا کرتا ہے۔ وہ مخلوق کے حقوق بھی ادا کرنے کا اہل نہیں رہتا۔ ایسی نماز تو بالکل بیکار اور بے فائدہ ہے جو برکتوں اور ثواب کی بجائے لعنتوں کا موجب بن جائے۔

پس اس پہلو سے جماعت احمدیہ کو اپنی

نمازوں کی حفاظت کرنی چاہیئے

اور یہ حفاظت دو طرح سے کرنی ہوگی۔ ایک اس کے ظاہر کی حفاظت کرنی پڑے گی۔ اور دوسرے اس روح کی حفاظت کرنی پڑے گی جس کے بغیر نماز باطل ہو جایا کرتی ہے۔ ان دونوں پہلوؤں سے، میں سمجھتا ہوں، توجہ دلانے کی بہت گنجائش موجود ہے۔ میں یہ دیکھتا ہوں کہ ربوہ میں نماز کا وہ معیار نہیں رہا جو قادیان میں ہوا کرتا تھا اور گھروں میں وہ تلقین نہیں رہی جس کے نتیجے میں کثرت کے ساتھ نمازی پیدا ہوتے ہیں۔

چنانچہ قرآن کریم کی وہ آیات جو میں نے شروع میں تلاوت کی تھیں ان میں نماز کو قائم کرنے کا گُر بتاتے ہوئے

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی مثال

پیش کی گئی ہے۔ فرماتا ہے:-

كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۚ وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۠ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا

کہ اسمٰعیلؑ کی ایک بہت پیاری عادت یہ تھی کہ وہ اپنے اہل کو نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی کی تعلیم دیا کرتا تھا اور خدا کو بہت پیارا لگتا تھا كَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا اس کی یہ ادا بھی اللہ کو بہت پسند تھی کہ وہ ہمیشہ باقاعدگی کے ساتھ اپنے اہل و عیال کو نماز کا حکم دیتا تھا۔

اس میں یہ نکتہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ نمازوں کا قیام اور ان کا استحکام گھروں سے شروع ہوتا ہے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کو مخاطب کر کے

(جاری ہے......)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وَاْمُرْ اَھْلَکَ بِالصَّلٰوۃِ وَاصْطَبِرْ عَلَیْھَا (طٰہٰ آیت: ۱۳۳)

کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم! تو بھی اپنے اہل کو نماز کا حکم دیا کر۔ وَاصْطَبِرْ عَلَیْھَا لیکن یہ ایسی بات نہیں ہے کہ ایک دو دفعہ کہنے سے اس پر پوری طرح عمل شروع ہو جائے۔ گھروں میں اگلی نسلوں کو نماز کی عادت ڈالنی ہو تو مستقل مزاجی کے ساتھ تلقین کی عادت اختیار کرنی پڑتی ہے۔ ایک دو دفعہ یا ایک دو دن یا ایک دو ماہ یا چند سالوں کا کام نہیں

وَاصْطَبِرْ عَلَیْھَا کا مطلب

یہ ہے کہ جب تک تو زندہ رہے، جبتک تجھ میں طاقت ہے اس عادت پر صبر سے استقامت اختیار کرے۔ اس عادت کو کبھی چھوڑنا نہیں۔

چنانچہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اصحاب میں ہم نے یہ چیز دیکھی کہ وہ اپنے اہل وعیال کو نمازوں کے متعلق تلقین کیا کرتے تھے اور کبھی کسی حالت میں بھی ایسا نہیں ہوا کہ انہوں نے نماز کی تلقین کرنی چھوڑ دی ہو۔ میرے سامنے بہت سی مثالیں ہیں کہ جو اپنے بچوں کو نماز کے لیے اپنے ساتھ لے جاتے تھے وہ باقاعدگی کے ساتھ ایسا کرتے اور کبھی بھی اس طرف سے غافل نہیں ہوئے۔ نماز پڑھنے والوں کے بھی اور نماز پڑھانے والوں کے بھی بڑے بڑے پیارے نظارے نظر آیا کرتے تھے۔ چنانچہ جن ماں باپ نے اس نصیحت پر عمل کیا اور اپنے گھروں میں نمازوں کی تلقین کو دوام کے ساتھ اختیار کیا، یوں لگتا تھا کہ وہ گھر نمازیوں کی فیکٹریاں بن گئے ہیں اور ان کی نسلوں میں آج بھی

بکثرت نمازی نظر آتے ہیں

جو دوسرے خاندانوں کی نسبت زیادہ نماز پڑھنے والے ہیں۔ چنانچہ وہ اصحاب جنہوں نے اس عادت میں نمایاں امتیاز حاصل کیا ان کی اولاد نسلاً بعد نسلٍ نمازی بنتی چلی گئی۔

لیکن بعض دفعہ ایسا ہوا کہ اصحاب کے اندر تو خدا تعالیٰ نے نماز کی حفاظت کا جذبہ پیدا کیا تھا مگر بیویاں عمل کے لحاظ سے کمزور تھیں۔ یا جس جگہ بچوں کی شادیاں ہوئیں وہاں کے بے نمازیوں کے خون ان سے مل گئے اور وہ پانی گدلا ہو گیا۔ تو ایسی مثالیں بھی ملتی ہیں کہ باقاعدگی سے نماز پڑھنے والے خاندانوں میں بے نماز شامل ہو گئے اور انہوں نے رفتہ رفتہ اس سارے پانی کو گدلا کرنا شروع کر دیا۔ لیکن جہاں ان کی شادیاں نمازیوں میں ہوئیں وہاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے

ایک ایسی نسل ملی ہے

جو نماز پر ہمیشہ قائم بھی رہتی ہے اور مداومت میں قرآنی الفاظ

ھُمْ عَلٰی صَلَاتِھِمْ دَآئِمُوْنَ۔ (المعارج آیت: ۲۴)

کا نقشہ پیش کرتی ہے۔ اسی طرح بعض گھروں میں بے نمازوں کی فیکٹریاں ملتی ہیں۔ یعنی جو بھی وہاں پیدا ہوتا ہے، بے نمازی ثابت ہوتا ہے۔

تو سوال یہ ہے کہ خدام الاحمدیہ یا انصار اللہ یا دیگر تنظیمیں ان لوگوں کو کس طرح سنبھالیں؟ جب میں نے غور کیا تو معلوم ہوا کہ قرآن کریم پہلی ذمہ داری بیرونی تنظیموں پر نہیں ڈالتا۔ بلکہ پہلی ذمہ داری گھروں پر ڈالتا ہے اور یہ

ایک بڑا ہی گہرا اور پُر حکمت نکتہ

ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر گھر اپنے بچوں کی نماز کی حفاظت نہیں کریں گے تو بیرونی دنیا لاکھ کوشش کرے وہ اس قسم کے نمازی پیدا نہیں کر سکتی جو گھر کی تربیت کے نتیجے میں پیدا ہوتے ہیں۔ پس میں تمام گھروں کو یہ تلقین کرتا ہوں کہ وہ بڑی ہمت اور جدوجہد کے ساتھ نمازی پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ اور ہمارے ماضی میں جو نیک مثالیں ستاروں کی طرح چمک رہی ہیں ان کی پیروی کریں۔

بہت سی مثالوں میں سے میں ایک مثال اپنے چھوٹے پھوپھا جان

حضرت نواب محمد عبداللہ خاں صاحب

کی دیتا ہوں۔ ان کو نماز سے، بلکہ نماز باجماعت سے ایسا عشق تھا کہ لوگ بعض دفعہ بیماری کے عذر کی وجہ سے مسجد نہ جانے کے بہانے ڈھونڈتے ہیں، لیکن وہ بیماری کے باوجود مسجد جانے کے بہانے ڈھونڈا کرتے تھے۔ دل کے مریض تھے اور ڈاکٹر نے بشدت منع کیا ہوا تھا کہ حرکت نہیں کرنی۔ لیکن اس کے باوجود آپ ایک WHEEL CHAIR میں بیٹھ کر (پہیوں والی وہ کرسی جس پر بیٹھ کر مریض خود اپنے ہاتھوں سے اس کے پہیئے گھماتا ہے) رتن باغ لاہور میں جہاں نمازیں ہوتی تھیں، (اس وقت مسجد نہیں تھی۔ اس لیے رتن باغ کے صحن میں نمازیں ہوا کرتی تھیں) باقاعدگی کے ساتھ وہاں پہنچا کرتے تھے۔ جب مسجد گھر سے دور ہو گئی تو

اپنے گھر کو مسجد بنا لیا

اور اردگرد کے لوگوں کو دعوت دی کہ تم پانچوں وقت نماز کے لیے میرے گھر آیا کرو۔ اور مسجد کے جس قدر حقوق عائد ہوتے ہیں، ان سب کو ادا کرتے تھے یعنی جب انہوں نے یہ اعلان کیا کہ میرا گھر مسجد ہے تو پانچوں نمازوں کے لیے آپ کے گھر کے دروازے کھلے رہتے تھے۔ صبح کے وقت نمازی آتا تھا تو دروازے کھلے ہوتے تھے۔ رات کو عشاء کی نماز کے لیے آتا تھا تب بھی دروازے کھلے ہوتے تھے اور دوپہر کو بھی دروازے کھلے رہتے تھے۔ پھر نمازیوں کے لئے وضو کا انتظام تھا اور دیگر سہولتیں بھی مہیا تھیں۔ یہ سب کچھ آپ اس لئے کرتے تھے کہ آپ کو نماز باجماعت سے ایک عشق تھا اور یہ پسند نہیں کرتے تھے کہ کسی حالت میں بھی آپ کی کوئی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنے سے رہ جائے۔ چنانچہ آپ کی اولاد میں بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے نماز کی بڑی پابندی پائی جاتی ہے۔

یہ صرف ایک نمونہ ہے جس کا میں نے ذکر کیا ہے
اسی قسم کے ہزارہا نمونے

قادیان میں رہنے والوں کی یادوں میں بس رہے ہونگے۔ نماز کا اتنا شوق پایا جاتا تھا اور اس کی اتنی تربیت تھی کہ قادیان کے پاگل بھی نمازی رہتے تھے ایسے پاگل جو دنیا کی ہر ہوش گنوا دیتے تھے۔ وہ نماز پڑھنے کے لئے اکیلے مسجدوں میں پہنچ جایا کرتے تھے۔ نماز پڑھنے کی عادت ان کی زندگی میں ایسی رچ بس گئی تھی کہ وہ اس سے الگ ہو ہی نہیں سکتے تھے۔ ایسے ہی ایک راجہ اسلم صاحب ہوا کرتے تھے۔ جب پاگل پن کی انتہا ہو گئی تو بیچارے گھر سے باہر چلے گئے۔ پاگل پن میں جو بھی اندر ہو وہ باہر آ جاتا ہے۔ چونکہ ان پہ نیکی کا غلبہ تھا اس لئے (آخری اطلاع کے مطابق) تبلیغ کے جنون سے غالباً روس کی طرف چلے گئے تھے۔ پھر انہیں دوبارہ کبھی نہیں دیکھا گیا۔ اللہ بہتر جانتا ہے کہ ان پر کیا گزری۔ لیکن پاگل پن کے انتہا کے وقت بھی پانچوں نمازوں میں مسجد میں آیا کرتے تھے۔

پس حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے اصحاب کو خدا تعالیٰ نے عبادت کے قیام کی جو توفیق بخشی تھی وہ اگلی نسل یعنی تابعین تک بھی بڑی شدت کے ساتھ جاری رہی۔ اب ہم ایک ایسی جگہ پہنچے ہیں جہاں

تابعین اور تبع تابعین کا جوڑ

ہے اور اگر ہم نے اس وقت بشدت اپنی نمازوں کی حفاظت نہ کی تو خطرہ ہے کہ آگے بے نمازی پیدا ہونے نہ شروع ہو جائیں۔ اس لئے ہمیں غیر معمولی جہاد کی روح کے ساتھ نماز کے قیام کی کوشش کرنی چاہیئے اور جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے یہ جہاد گھروں سے شروع ہو گا۔

اب جلسہ سالانہ کے ایام قریب آ رہے ہیں اور ربوہ کے گھروں کو خدا تعالیٰ ایک غیر معمولی حیثیت عطا کرنے والا ہے وہ گھر جو نمازی گھر ہیں ان کا فیض دنیا

جاری ہے

ماہ بماہ چندہ ادا کرنے سے ایک ماہ میں دو ماہ کا چندہ ادا کرنا نہیں پڑتا (امیر و مبلغ انچارج کینیڈا)

ANSARULLAH

MAJAIS BAIROON

PROGRAMME OF QUAID-E-TALEEM FOR THE YEAR 1983

1. All Ansar will memorize Salat alongwith its translation.
2. All Ansar should memorize last ten Suras of the 30th Para of the Holy Quran.
3. Study and learning of first Para of the Holy Quran with its translation.
4. Regular study of one book of the Promised Mesiah(peace be on him). The book will be selected and prescribed with the consultation of the Vice President of Ansarullah (Missionary Incharge).
5. Out of the prescribed course of study at least one examination will be held during the year, in which maximum number of Ansar should participate.
6. At least two folders be published and distributed during 1983. Topics will be selected under the guidance of the Vice President.

It is hoped that all members of Majlis Ansarullah Canada will follow this programme.

Majlis Ansarullah Markazia,
Rabwah, PAKISTAN.

MAJLIS ANSARULLAH CANADA will be holding an Ijtema of Eastern Branches on Sunday May 22, 1983 from 10.00 a.m. till 5.00 p.m. at 'BAITUL-AAFIAT', 1306 Wilson Avenue, Downsview, ONT. INSHALLAH. All Zeaamat in this region are expected to attend and make every effort to be on time. All Ansar should forward their Chanda Salana Ijtema at the earliest possible time and before the Ijtema. Chanda Salana Ijtema is 1½% of monthly income per annum. Eastern branches consist of all Zeaamat east of the Saskatchewan/Ontario border. All Ansar of this region should make special effort to attend.

Muhammad Yusuf Khan, NAZIM-E-AALA, ANSARULLAH

CHANDA ANSARULLAH IS AS FOLLOWS:

Chanda Majlis....................1% of total annual income.
Chanda Ishait Literature........$2.50 annually (minimum)
Markazi Guest House at Rabwah...$50 minimum — Names of such persons will be engraved on plaque near the main gate
Magazine 'Ansarullah' available at $15 annually by air. (Urdu)

The Center has approved the following "ZOMA'A" of Majlis Ansarullah.

1. Muhammad Yusuf Khan..............NAZIM-E-AALA, CANADA.
2. Chaudhary Khalil Ahmad..........ZAEEM, TORONTO.
3. Qureshi Abdul Mannan............ZAEEM, MONTREAL.
4. Soofi Aziz Ahmad................ZAEEM, OTTAWA.
5. Chaudhary Rehmat Ali............ZAEEM, CALGARY.
6. Chaudhary Nasrullah Khan........ZAEEM, VANCOUVER.
7. Habibur-Rahman Hafizadeh........ZAEEM, BRANTFORD.

PROGRAMME OF ANSARULLAH IJTEMA ON LAST PAGE.

JAMAATS ACTIVITIES

Toronto:

The monthly meeting of Toronto Jamaat was held on March 6, 1983. After the recitation of the Holy Quran by Syed Sharif Ahmad of Mansoori, Mr. Jameel Saeed recited a poem of the Promised Massiah. The General Secretary read the minutes of the last meeting. Brother Mohammad Yusuf Khan delivered Dars-i-Hadees on the excellence of Azaan. Maulana M.D. Shams spoke on the early claims of the Promised Massiah, highlighting the importance of the month of March in the history of the Ahmadiyya Movement. He explained the fulfillment of two great prophecies of the Promised Massiah in this month which are true signs of the truthfulness of Ahmadiyyat and the Promised Massiah, himself. These were about Alexander Dowie and Pandit Lekhram who died within a time specified by the Promised Massiah.

Later on, Brother Mustafa Sabit narrated his post-Jalsa-Salana tour of Egypt, Israel, Nigeria and Ghana at the instructions of Hazrat Khalifatul Masih IV. He also spoke about the specific preaching activities in these countries and the fruitful results which God Almighty has shown in this respect. Brother Abdur Rehman Dehlvi also spoke about his tableegh activities during his youth. The meeting ended with the silent prayers led by the Missionary Incharge Maulana M.D. Shams.

ASIF DAR WINS LIGHTWEIGHT NATIONAL CHAMPIONSHIP

It is announced with great pleasure that Mr. Asif Dar has won 1983 Canada Winter Games Gold Medal. The Missionary Incharge presented a cash prize of $50 on behalf of the Jamaat to Mr. Asif Dar for winning the Light Weight Championship at the national level. It should be remembered that he has so far won 13 provincial and national distinctions and is participating in another competition in Ireland at the end of April 1983. At the hearing of this news, Hazrat Khalifatul Masih IV has sent his congratulations to him and said that I will award him with a Gold Medal if he wins the Olympic title in 1984. May Allah grant him this success.

WEDDING CEREMONY:

(1) The 'Rukhsati' of Naila Tahir, daughter of Mr. Majeed Ahmad Tahir of Karachi with Mr. M. Yahya Khan, son of M. Isa Jan Khan, was held on April 1, 1983 at the residence of her uncle Ch. Khalil Ahmad. The prayer ceremony was held after the Friday sermon led by Maulana M.D. Shams. We congratulate Mr. & Mrs. Isa Jan Khan at this happy occasion.

(2) Likewise, the Nikah of Mr. Zahir Farooq Zeervi son of Mr. Saqib Zeervi (Lahore) with Shagufta Dar, daughter of Mrs. Sakeena Dar, was read by the Missionary Incharge on April 1, 1983, at the 'Mehr' of $7000. May Allah grant these brides and grooms a happy and prosperous life.

FRIDAY KHUTBA:

April 1, 1983 was a public holiday, and the Friday prayer was held at the Scarborough school. The Missionary Incharge led the Congregational prayer. During his Khutba, he emphasised on the importance of offering our daily prayers as required by the Holy Quran and Sunnah. He then embarked upon the members of the Jamaat to evaluate their environments and make arrangements for holding of regular prayers in various 'Halqas' of Toronto. He also pointed out the importance of 'Dars' in the upbringing of our younger generation. More than 250 men, women and children offered their Friday prayers at this occasion. After the prayers, Shams Sahib also led the 'Janaza Ghaib' of the late Hazrat Molvi Mohammad Din, President Sadr Anjuman Ahmadiyya Pakistan and Mr. Aziz Deen, Ex-National President, U.K. Jamaat.

IRISH CANADIAN ACCEPTS ISLAM:

It is learnt with great pleasure that Miss Catherine has embraced Ahmadiyyat the true Islam, recently, after an intensive study of the Ahmadiyya literature. In a telegraphic message, Hazoor has kindly given her Islamic name as Hibatul WAEED BUSHRA. May Allah grant her strength and make her a true Muslim Ahmadi. (Amin).

TORONTO JAMAAT HOLDS SYMPOSIUM

The regular monthly symposium (question-answer session) is held in the mission house every second Sunday of the month. The March session was held on the thirteenth on the subject of 'Baiat' (Pledge of Allegiance).The missionary incharge presided over the session along with a panel of discussants. Brother Mustafa Sabet, secretary Tabligh, Canada, delivered his thoughts on the subject outlining the meaning, importance and necessity of 'Baiat' in the light of the Holy Quran. He stated that the phenomenon of 'Baiat' requires man to be a vendor, selling himself to seek the pleasure of Allah. He then elaborated the facts about the establishment of 'Khilafat-e-Rashda' and the earlier prophecies about how this system would be turned into inherited kingship and then into dictatorship, followed by the coming of the Promised Mesiah and the re-establishment of Khilafat after his death. He emphasized the fact from the Holy Quran that without 'Baiat' there is no tranquility, reward or peace of mind. His speech was followed by a series of interesting questions on the subject.

The next such meeting was held on April 24, 1983 in the mission house on the subject of 'Jehad'. Again, Brother Mustafa Sabet spoke on this important subject. He first mentioned the distorted and conventional view of the muslims in general regarding 'Jehad', which emphasises on the physical fighting on the part of the believers. He also explained its different meanings in reference to strive for something, to compete or to contend. It is true that every fighting in the cause of Allah is Jehad, but every Jehad is not necessarily fighting. He then described the most appropriate interpretation of the concept as put forth by the Promised Messiah i.e. Jehad with the pen rather than with the sword. This requires man to purify himself and offer sacrifices for the propagation of Islam under the instructions of the Khilafat. Various questions were asked by the members. The meeting concluded with silent prayers. Such next meeting, Inshallah, will be held on May 8,1983, on the subject of 'Ramazan'i.e. Fasting.

LAJNA FOLLOWS SUIT

Every third Sunday of the month lajna Toronto get together in the mission house for a question-answer session. Such meetings have been started for the benefit of lajna members so that they can increase their knowledge in order to preach the teachings of true Islam.

First such meeting was held on March 20,1983. Missionary Incharge, Maulana M.D.Shams delivered a speech in the beginning in which he reminded the lajna members about their responsibilities towards Tabligh, Tarbiat and the scheme of 'Waqf-e-Aarzi' as elaborated by Hazrat Khalifatul Masih IV. He exhorted that Hazoor has asked the members of foreign jamaats particularly, to spend their vacations in Spain and while on vacation preach the teachings of Islam to the Spanish people,for which Spanish language should be learnt. After the speech, there were a few questions asked about the pledge of lajna and questions regarding the beliefs of Christianity.

The second meeting was held on April 16. Missionary Incharge made some introductory remarks reminding lajna members about three items. First of all being Tabligh, the responsibility of which Hazoor has also laid upon lajna.

(continued on page 4)